بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ + عَسٰی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴

روزنامہ

الفضل

ربوہ

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

فون ۴۴۹

جلد ۷۲ | ہفتہ ۱۸ ربیع الاول ۱۴۰۴ھ ش ۲۴ فتح ۱۳۶۲ ہش ۲۴ دسمبر ۱۹۸۳ء | نمبر ۲۹۰

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اخبار احمدیہ

حضرت سیدہ امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی صحت کے متعلق

تازہ اطلاع ○ (مورخہ ۲۲ دسمبر ۱۹۸۳ء)

کمزوری بہت زیادہ ہے اور بلڈ پریشر بڑھا ہوا ہے۔

احباب کرام خاص توجہ اور التزام سے دعائیں کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے حضرت سیدہ ممدوحہ کو صحت کامل عطا کرے اور آپ کا بابرکت سایہ تادیر ہمارے سروں پر سلامت رکھے۔ آمین

مردانہ و زنانہ جلسہ گاہوں کو ممکنہ حد تک وسیع کر دیا گیا

موسم کی خرابی کی صورت میں متبادل انتظامات، پارکنگ کے لیے نئی جگہیں طے کر دی گئیں

زنانہ جلسہ گاہ میں اضافہ کر کے ایک اور انیکسی بنا دی گئی

افسر جلسہ گاہ محترم مولانا سلطان محمود صاحب انور کی نمائندہ الفضل سے گفتگو:

ربوہ ۲۱ فتح / دسمبر۔ مردانہ و زنانہ جلسہ گاہ کے جملہ امور کے ذمہ دار افسر جلسہ گاہ محترم مولانا سلطان محمود صاحب انور نے بتایا ہے کہ امسال جلسہ سالانہ کے موقع پر مردانہ و زنانہ جلسہ گاہوں کو ممکنہ حد تک وسیع کر دیا گیا ہے تاکہ جلسہ سالانہ کے مہمانوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کو جلسہ سننے کی سہولتیں دی جا سکیں۔

نمائندہ الفضل سے ایک ملاقات میں مولانا موصوف نے بتایا کہ امسال جلسہ گاہ کے انتظامات میں متعدد اضافے کئے گئے ہیں اور سال گزشتہ کی نسبت انتظامات کو بہت وسیع اور جامع بنا دیا گیا ہے۔

انہوں نے مردانہ جلسہ گاہ کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ امسال جلسہ گاہ کو اس کی آخری حدود تک کھلا کر دیا گیا ہے۔ شمالی سمت کی مچانیں (گیلریاں) پیچھے ہٹا دی گئی ہیں۔ سٹیج کو مسجد اقصیٰ کے صحن کے مشرقی کنارے پر منتقل کر دیا گیا ہے اس کے نتیجہ میں مردانہ جلسہ گاہ میں تیس ہزار سے زائد افراد کے بیٹھنے کی گنجائش نکل آئے گی۔ ممالک بیرون سے آنے والے مہمانوں کی گیلری میں بھی توسیع کی گئی ہے اور یہاں پر یہ سہولت بھی موجود ہوگی کہ ممالک بیرون کے مہمان اسی جگہ پر صف بندی کر کے نمازوں میں شامل ہو جائیں۔ امسال یہ جدت بھی کی گئی ہے کہ ٹیپ ریکارڈنگ کرنے والوں کے لئے ایک علیحدہ وسیع جگہ بنا دی گئی ہے۔ یہ جگہ پنڈال کے جنوب مشرقی کونہ میں ہے اور یہاں پر ٹیپ ریکارڈنگ کے لئے جملہ سہولتیں بھی مہیا کر دی گئی ہیں۔

ترجمانی

جلسہ سالانہ کے موقع پر ترجمانی کے نظام میں بھی وسعت پیدا کی گئی ہے۔ امسال ۲۵۰ مرد اور عورتیں انگریزی اور انڈونیشین زبان میں تقاریر کا رواں ترجمہ سن سکیں گی۔ ترجمانوں کے بوتھ بھی نئے سرے سے تعمیر کئے گئے ہیں ان میں بیک وقت دو ترجمانوں کے بیٹھنے کی گنجائش ہوگی۔ مولانا سلطان محمود صاحب انور نے بتایا کہ اسٹیج کی تبدیلی کی وجہ سے سارے پنڈال کا ساؤنڈ سسٹم بھی بدلا دیا گیا ہے۔ اس سال پہلی بار وڈیو فلم تیار کرنے والوں کے لئے سٹیج کے قریب دو علیحدہ پلیٹ فارم بھی تعمیر کئے گئے ہیں تاکہ بیک وقت دو کیمرے جلسہ کی ساری کارروائی کو کیمرے کی آنکھ میں محفوظ کر سکیں۔

مولانا موصوف نے بتایا کہ امسال یہ انتظام بھی کیا گیا ہے کہ جلسہ کی کارروائی رات تک جاری رہنے کی صورت میں جلسہ گاہ کو فلڈ لائٹس سے روشن کر دیا جائے گا۔ بجلی کی سپلائی میں تعطل کی صورت میں بجلی کی متبادل فراہمی کا انتظام بھی کر لیا گیا ہے۔

(باقی صفحہ ۵ پر)

• خاکسار کی والدہ محترمہ بیگم صاحبہ مکرم چوہدری مظفر الدین صاحب بنگالی مرحوم کے پتہ کا آپریشن ماہ رمضان میں فیصل آباد سول ہسپتال میں ہوا تھا اس کے بعد سے ابھی تک طبیعت نہیں سنبھلی ہے کچھ کچھ عرصہ بعد بخار ہو جاتا ہے اور زخم بھی ابھی تک مکمل طور پر مندمل نہیں ہوئے ہیں جس کی وجہ سے بہت تشویش ہے۔ کمزوری بہت زیادہ ہو گئی ہے۔ احباب جماعت سے خصوصی طور پر دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے والدہ محترمہ کو کامل شفا عطا کرے اور تادیر ہمارے سروں پر سلامت رکھے۔ آمین!

(منصور احمد بشیر لاہور)

(باقی صفحہ ۳ پر)

شادی کی بابرکت تقریب:

مورخہ ۱۵، ۱۶ دسمبر ۱۹۸۳ء کو مرکز سلسلہ ربوہ میں خاندان حضرت مسیح موعود علیہ السلام میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی بھانجی عزیزہ مکرمہ صاحبزادی یاسمین احمد صاحبہ سلمہا اللہ تعالیٰ جو محترم ناصر محمد صاحب سیال و محترمہ سیدہ صاحبزادی امۃ الجمیل صاحبہ بنت سیدنا حضرت مصلح موعود خلیفۃ المسیح الثانی نور اللہ مرقدہ کی دختر ہیں۔ کی شادی کی تقریب سعید عمل میں آئی۔

عزیزہ یاسمین احمد صاحبہ سلمہا کا نکاح سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ نے مکرم چوہدری سلطان مامون خان صاحب ابن محترم کرنل سلطان محمد خان صاحب آف اٹک کے ہمراہ ۱۴ دسمبر ۱۹۸۳ء کو بعد نماز عصر مسجد مبارک ربوہ میں پچاس ہزار روپیہ حق مہر پر پڑھا۔

اگلے روز ۱۵ دسمبر کو بعد نماز عصر رخصتانہ عمل میں آیا۔ برات گیسٹ ہاؤس مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ سے دارالصدر ربوہ میں بر مکان محترمہ صاحبزادی امۃ الجمیل صاحبہ آئی۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ نے تشریف لا کر دعا کرائی۔ اگلے روز مورخہ ۱۶ دسمبر ۱۹۸۳ء کو بعد نماز عشاء محترمہ بیگم صاحبہ کرنل سلطان محمد خان صاحب کی طرف سے ایوان محمود کے ہال میں دعوت ولیمہ دی گئی۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بھی شامل ہوئے اور طعام کے بعد دعا کرائی۔

عزیزہ مکرمہ صاحبزادی یاسمین احمد صاحبہ حضرت مصلح موعود کی نواسی ہیں اور عزیزہ کے والد محترم ناصر محمد سیال صاحب حضرت خلیفۃ المسیح الاول رضی اللہ عنہ کے نواسے ہیں۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اپنے فضل اور رحمت سے اس رشتہ کو بہت بہت برکتوں اور فضلوں کا مورد بنائے ہر دو خاندانوں کے لئے یہ تعلق دینی اور دنیاوی ہر لحاظ سے خیر و برکت کا موجب ہو اور مولا کریم اپنے فضل سے اس رشتہ کو مثمر ثمرات حسنہ بنائے۔ آمین!

رجسٹرڈ نمبر ایل: ۵۲۵۴ پبلشر: مسعود احمد پوندٹ: سید عبدالحی مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ۔ مقام اشاعت: دفتر روزنامہ الفضل دارالرحمت غربی ربوہ۔ قیمت ۵۵ پیسے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

روزنامہ الفضل ربوہ

۱۷ ربیع الاول ۱۴۰۴ھ
۲۴ فتح ۱۳۶۲ ہش

ایک پختہ عہد اور اُسے پورا کرنے کا عظیم الشان ثمرہ

احمدی ہونے کی حیثیت میں ہم نے اللہ تعالیٰ سے ایک عہد باندھا ہے اور اس کو پورا کرنا ہمارا ایک بہت ہی اہم امتیازی نشان ہے۔ وہ عہد ہے کہ ہم دین کو دنیا پر ہر حال مقدم رکھیں گے۔ اس عہد کو کمال مستعدی سے نباہنے کے نتیجہ میں ہی ہمیں دین حق کو ساری دنیا میں پھیلانے اور اس راہ میں بڑھ چڑھ کر قربانیاں پیش کرنے کی توفیق ملتی چلی آرہی ہے۔

یہ عہد ایک بنیادی عہد ہے اور ہماری پوری زندگی بلکہ ہماری ہر ہر حرکت وسکون پر حاوی ہے۔ اس بنیادی عہد کے تحت ہم نے اور بہت سے عہد کر رکھے ہیں اور یہ عہد بھی ہم نے سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے حکم کی تعمیل میں ہی کئے ہیں۔ ان عہدوں میں سے ایک عہد ایسا ہے جس کا تعلق سال بہ سال پیدا ہونے والے ایک خاص موقع سے ہے اور ہر سال ہی ہمیں اسے پورا کرنے کی منجانب اللہ توفیق ملتی ہے وہ مبارک موقع جس سے اس عہد کا تعلق ہے ہمارے مقدس و بابرکت جلسہ سالانہ کا موقع ہے۔ ہم نے سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے حکم کی تعمیل میں اس مقدس و مبارک جلسہ میں سال بہ سال شمولیت اختیار کرتے چلے جانے کا عہد کر رکھا ہے۔ حضرت اقدس نے جب خدائی منشاء اور اذن کے تحت جلسہ سالانہ کی بنیاد رکھی تھی تو ہمیں ایک عہد کرنے کا حکم دیتے ہوئے فرمایا تھا:۔

"حتی الوسع والطاقت تاریخ مقررہ پر حاضر ہونے کے لئے اپنی آئندہ زندگی کے لئے عہد کرلیں اور بہ دل وجان پختہ عزم سے حاضر ہو جایا کریں۔" (کتاب آسمانی فیصلہ)

احباب جماعت خوب جانتے ہیں اور اس حقیقت سے اچھی طرح باخبر ہیں کہ انہوں نے یہ عہد پوری زندگی کے لئے باندھا ہے اور وہ سال بہ سال اسے پورا کرتے چلے جانے کے پابند ہیں۔ اسی لئے وہ اپنے اس عہد کو سال بہ سال پختہ عزم سے نباہتے ہیں اور نباہتے بھی ہیں ہر سال پہلے سے بڑھ کر شان کے ساتھ۔ اسی لئے احباب دور و دراز کے سفر اختیار کرکے ہر سال پہلے سے بڑھ کر تعداد میں اپنے اس مقدس و مبارک جلسہ میں شریک ہوتے ہیں اور ہر سال ہی ان کی طرف سے پہلے سے بڑھ کر ذوق وشوق اور ولولہ عشق کا مظاہرہ دیکھنے میں آتا ہے۔ پھر وہ صرف پاکستان کے کونہ کونہ سے ہی نہیں آتے بلکہ خدائی وعدہ کے بموجب اب تو وہ مشرق و مغرب کے دور دراز علاقوں تک سے کھنچے چلے آتے ہیں کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ یہ صرف ایک عام انسانی جلسہ میں ہی شمولیت کا سوال نہیں ہے بلکہ ان کے اس فعل کا تعلق ایک ایسے مقدس و مبارک جلسہ میں شمولیت سے ہے جس کی خالص تائید حق اور اعلائے کلمۂ اسلام پر بنیاد ہے اور اس سلسلہ کی بنیادی اینٹ خدا تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے رکھی ہے اور اس کے لئے قومیں تیار کی ہیں اور ان کے اس میں جلد آ شامل ہونے کی بشارت دی ہے وہ کیوں نہ آئیں جبکہ خدا تعالیٰ اپنے تصرف خاص کے تحت انہیں لاتا ہے اور اس طرح اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے انہیں اپنے تاحیات جاری رہنے والے اپنے ایک دائمی عہد کو پورا کرنے کی توفیق ملتی ہے۔

احباب خود اپنے اس عہد کو کیوں نہ پورا کریں جبکہ وہ اپنے اس عہد کو پورا کرنے کے لئے سال بھر منتظر رہتے ہیں اور تمام سال گن گن کر دن گزارتے ہیں کہ کب وہ موقع آئے اور وہ اپنے اس عہد کو پورا کرنے کی سعادت حاصل کریں۔ اب پھر اس عہد کو نباہنے اور پورا کر دکھانے کا مقدس و مبارک موقع آن پہنچا ہے۔ کیونکہ ہمارے للّٰہی جلسہ سالانہ کے شروع ہونے میں اب گنتی کے چند دن ہی رہ گئے ہیں۔ ان کی انتظار کی گھڑیاں اب ختم ہوا چاہتی ہیں۔ اور بہتیرے ہیں جن کی انتظار کی گھڑیاں بیت بھی چکی ہیں کیونکہ وہ بہتیرے ہزارہا میل کا سفر اختیار کرکے مشرق و مغرب کے آخری کناروں سے اڑ کر ربوہ پہنچ چکے ہیں اور بہتیرے ہیں جو سفر شروع کرنے کے بعد ابھی راہ میں ہیں اور منزل بہ منزل سفر کرتے ہوئے اپنے مرکز کی طرف کھنچے چلے آ رہے ہیں۔ جو جتنے زیادہ دور ہوں اتنا ہی زیادہ سفر اختیار کرنے میں سبقت سے بہرہ ور ہیں۔ دوریٔ منزل نے انہیں سابق بالخیرات بنانے میں نہایت اہم کردار ادا کیا ہے۔

جو نزدیک ہیں یعنی ملک کی مختلف سمتوں میں آباد ہیں اپنے عزم پختہ کے نتیجہ میں پرواز تو لینے کے باعث ایک طرح سے ان کے سفر کا بھی آغاز ہو چکا ہے اور وہ بھی فی الاصل راستہ میں ہی ہیں۔ وہ ایک روز کی بات ہے کہ وہ بھی قافلہ در قافلہ روانہ ہو کر مختلف سمتوں سے ایک ہی مرکز کی طرف سمٹنے شروع ہو جائیں گے اور اپنی منزل مقصود پر اس طرح آوارد ہوں گے جس طرح لاتعداد پروانے بے تحاشہ شمع پر گرتے ہیں اور گرتے ہی چلے جاتے ہیں۔ وہ بھی آئیں گے اور آتے ہی چلے جائیں گے اور ربوہ کی غیر ذی زرع سرزمین کو آباد کرکے اسے ایک بہت ہی وسیع و عریض اور بہت ہی عظیم الشان گلزار میں تبدیل کر دکھائیں گے۔ اسود و احمر ایک ہی جگہ آ جمع ہوں گے۔ اگرچہ ان کے لباس مختلف، ان کی زبانیں مختلف اور ظاہری لحاظ سے ان کے رنگ بھی مختلف ہوں گے لیکن وہ سب محبت کی ایک ہی زبان بولنے والے، صدق وصفا اور اخلاص و وفا کے ایک ہی رنگ میں رنگین اور ایک ہی لباس تقویٰ میں ملبوس ہوں گے وہ اینٹوں اور پتھروں کا ڈھیر نہیں بلکہ سیسہ پلائی ہوئی ایک دیوار یعنی بنیانٌ مرصوص کی شکل میں نظر آئیں گے۔ وہ علیحدہ علیحدہ بکھری ہوئی کڑیاں نہیں بلکہ باہم ایک دوسرے سے مربوط ایک ایسی آہنی زنجیر کی شکل میں نمودار ہوں گے جسے خدا تعالیٰ پورے کرۂ ارض کو اپنے حلقے میں لینے کے لئے بنا رہا ہے اور مضبوط سے مضبوط تر کرتا چلا آرہا ہے۔

یہ ثمرہ ہے اس پختہ عزم اور عہد کا جو ان بظاہر مختلف اقوام کے مختلف اللباس، مختلف اللون اور مختلف اللسان لیکن ایک ہی روحانی سانچے میں ڈھلے ہوئے عباد الرحمٰن نے کر رکھا ہے اور جسے وہ سال بہ سال نباہتے چلے آرہے ہیں۔ اپنے اس عہد کو نباہنے کا موقع، مقدس و مبارک جلسہ سالانہ کی شکل میں اب پھر آگیا ہے۔ وہ انشاء اللہ العزیز اس میں شمولیت کے اپنے اس عہد کو اس شان سے نباہیں گے جو ہمیشہ کی طرح اپنی مثال آپ ہوگا۔

حدیث النبی

اَلْمُسْلِمُ مِرْاٰۃُ الْمُسْلِمِ

ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا آئینہ ہے

جلسہ سالانہ کی غرض وغایت

حضرت مسیح موعود علیہ السلام جلسہ سالانہ کی غرض و غایت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

"اس جلسہ سے مدعا اور مطلب یہ تھا کہ ہماری جماعت کے لوگ کسی طرح بار بار کی ملاقاتوں سے ایک ایسی تبدیلی اپنے اندر حاصل کرلیں کہ ان کے دل آخرت کی طرف بکلی جھک جائیں اور ان کے اندر خدا تعالیٰ کا خوف پیدا ہو اور وہ زہد اور تقویٰ اور خدا ترسی اور پرہیزگاری اور نرم دلی اور باہم محبت اور مواخات میں دوسروں کے لئے ایک نمونہ بن جائیں اور انکسار اور تواضع اور راستبازی ان میں پیدا ہو اور دینی مہمات کے لئے سرگرمی اختیار کریں۔" (شہادت القرآن)

(نظارت اصلاح وارشاد)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جلسہ سالانہ

کے متعلق

سیدنا حضرت مسیح موعودؑ اور حضرت مصلح موعودؓ کے ارشادات

یہ دنیا جو اس وقت تاریکیوں میں ڈوبی ہوئی ہے اس کو اس تباہی سے بچانے کے لئے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ کی بابرکت تحریک کے تحت ہر احمدی کو مبلغ بننا پڑے گا۔ تب ہی اس دنیا کو ہولناک تباہی کے عظیم خطرات سے بچایا جا سکتا ہے۔ جب خدا کے حضور گڑگڑا کر عاجزانہ دعائیں کی جائیں اور خدا تعالیٰ کا فضل شامل حال نہ ہو اور جب تک ہر احمدی اس تحریک میں شامل نہ ہو اس وقت تک یہ کام نہیں ہو سکتا۔ کسی شخص کے دل میں یہ خیال نہیں آنا چاہیئے کہ یہ کام مبلغ یا مربی یا فلاں کے سپرد ہے بلکہ اس وقت ہر احمدی مبلغ ہے اور اس تبلیغی کام کو اپنا سمجھ کر کرنے کی کوشش کرنے کی ضرورت ہے۔ کئی ایسے غیر از جماعت دوست ہیں جن کا احمدیوں سے دوستانہ قریبی تعلق ہوتا ہے۔ ان کو مرکز سلسلہ میں لا کر ان کے شکوک و شبہات کا ازالہ کرنا چاہیئے اور ایسا موقعہ تو بالکل نہیں چھوڑنا چاہیئے جبکہ مرکز میں جلسہ سالانہ ہو رہا ہو۔ احمدی احباب ایسے دوستوں کو ساتھ لائیں اور تبلیغی امور میں ہر قسم کی ان کی مدد کریں۔

مکرم مرزا عبدالحیی صاحب چغتائی

— ابن —

مکرم مولوی رشید احمد صاحب چغتائی

— ربوہ —

حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ ۱۰ دسمبر ۱۹۵۴ء میں فرماتے ہیں:۔

"دوسرے لوگوں کو مرکز میں لانے کا بہت فائدہ ہوتا ہے۔ تم زیادہ سے زیادہ انہیں یہاں لاؤ اور جو شکوک ان کے دل میں ہوں ان کا علماء سے ازالہ کراؤ ..... اب تک ایسے احمدی گھرانے موجود ہیں جہاں دو بھائیوں میں سے ایک بھائی بیس سال سے احمدی ہے اور دوسرا بھائی ابھی غیر احمدی ہے اس کی وجہ یہی ہے کہ اس نے اپنے غیر احمدی بھائی کو مرکز میں لانے کی کوشش نہیں کی حالانکہ بیسیوں آدمی ایسے ہیں جو یہاں آ کر تمام حالات کو جب اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہیں تو سمجھتے ہیں کہ ان لوگوں میں دھوکہ فریب یا کپٹ نہیں۔ ان کی باتیں غور کے قابل ہیں اور پھر جب وہ علیحدگی میں ان باتوں پر غور کرتے ہیں تو احمدیت قبول کر لیتے ہیں لیکن جب تک وہ مرکز سے دور رہتے ہیں ان کے دلوں میں کئی قسم کے شبہات پیدا ہوتے رہتے ہیں۔"

(الفضل ۹ دسمبر ۱۹۶۴ء)

یہ جلسہ دنیاوی جلسوں کی مانند نہیں ہے۔ بلکہ یہ ایک الٰہی جلسہ ہے اور اس کی ایک الگ شان ہے۔ تمام احباب جو اس جلسہ میں شمولیت کی غرض سے مرکز سلسلہ تشریف لائیں حتی الوسع ان کی کوشش یہی ہونی چاہیئے کہ اپنا یہ قیمتی وقت جلسہ کے اجلاسات کی کارروائی سننے میں گزاریں اور فارغ اوقات میں ذکر الٰہی میں مشغول رہنا چاہیئے۔ حضرت مصلح موعود خلیفۃ المسیح الثانی احباب جماعت کو نصیحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

"جلسہ پر وہ لوگ آئیں جو جلسہ گاہ میں بیٹھ کر تقاریر سنیں ..... احباب کو اسلامی جماعتوں کے مطابق اپنا پروگرام بنانا چاہیئے اور اکثر وقت ذکر الٰہی میں صرف کرنا چاہیئے ..... اپنا زیادہ سے زیادہ وقت اپنے ایمان کی ترقی اور دین کے سیکھنے میں خرچ کریں ..... الٰہی جماعتوں کو جو خصوصیت دوسروں سے ممتاز کرتی ہے وہ یہی ہوتی ہے کہ ان کی اکثریت اللہ کی محبت میں محو ہوتی ہے اور اس کے ذکر میں مشغول رہتی ہے۔ پس اس خصوصیت کو قائم رکھو اور اپنے وجود کو دنیا سے قطع تعلق کر کے اتنا ہلکا بنا لو کہ اللہ تعالیٰ کے فرشتے تمہیں آسمانی سے بلند سے بلند مقام تک لے جا سکیں۔ اس موقع سے فائدہ اٹھاؤ۔ اپنے آپ کو زیادہ سے زیادہ اللہ تعالیٰ کی طرف راغب کرنے اور اپنے قلوب کو اس کے ذکر کی طرف مائل کرنے کی کوشش کرو ..... تم نے سردی برداشت کی ہے۔ یہاں آنے کے لئے پیسے خرچ کئے ہیں۔ بیوی بچوں سے جدا ہوئے ہو۔ اپنے کاموں کا نقصان کیا ہے۔ پس اس تکلیف کا کچھ تو صلہ ملنا چاہیئے۔ خدا تعالیٰ تمہیں صلہ دینے کے لئے تیار ہے لیکن صلہ لینے کے لئے ضروری ہے کہ تم دعاؤں میں لگ جاؤ اپنے اوقات کو موجب برکات بناؤ تو پھر یہی وہ برتن بن جائے گا اس میں خدا تعالیٰ اپنا صلہ دے گا۔"

(فرمودہ ۲۶ دسمبر ۱۹۵۳ء بحوالہ الفضل ۲ فتح ۱۳۵۸ ہش)

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں ان ارشادات پر عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائے اور ان عظیم الشان الٰہی جلسوں سے بھرپور استفادہ کرنے کی توفیق دے۔

آخر میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے مندرجہ ذیل بابرکت دعائیہ فقرات پر اپنے اس مضمون کو ختم کرتا ہوں:۔

"میں دعا کرتا ہوں کہ ہر ایک صاحب جو اس الٰہی جلسہ کے لئے سفر اختیار کریں خدا تعالیٰ ان کے ساتھ ہو اور ان کو اجر عظیم بخشے اور ان پر رحم کرے اور ان کی مشکلات اور اضطراب کے حالات ان پر آسان کر دے اور ان کے ہم و غم دور فرمائے۔ ان کو ہر ایک تکلیف سے مخلصی عنایت کرے اور ان کی مرادات کی راہیں ان پر کھول دیوے۔ اور روز آخرت میں اپنے ان بندوں کے ساتھ ان کو اٹھاوے جن پر اس کا فضل و رحم ہے اور تا اختتام سفر ان کے بعد ان کا خلیفہ ہو۔ اے خدا! اے ذوالمجد والعطاء اور رحیم اور مشکلکشا یہ تمام دعائیں قبول کر اور ہمیں ہمارے مخالفوں پر روشن نشانوں کے ساتھ غلبہ عطا فرما کہ ہر یک قوت اور طاقت تجھ ہی کو ہے۔ آمین ثم آمین!"

(اشتہار ۲ دسمبر ۱۸۹۲ء)

بقیہ:۔ اخبار احمدیہ

● مکرم برادرم بشیر احمد صاحب اختر سابق رکن صیغہ زود نویسی حال مبلغ کینیا کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے ۳۰ نومبر بروز بدھ دوسرا بیٹا عطا فرمایا ہے۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت نومولود کا نام "مبشر احمد طارق" تجویز فرمایا ہے۔ نومولود مکرم ظہور الدین صاحب ترگڑی (مرحوم) کا پوتا اور مکرم چوہدری نذیر احمد صاحب وکالت تبشیر ربوہ کا نواسہ ہے۔ احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو صحت و سلامتی والی لمبی عمر عطا فرمائے اور خادم دین بنائے۔ آمین!

(یوسف سلیم ملک انچارج صیغہ زود نویسی ربوہ)

● خاکسار کو دو سال سے حادثہ کی وجہ سے چلنے پھرنے سے معذور ہے اس وقت شدید کھانسی۔ چھاتی میں درد اور ریڑھ کی ہڈی میں درد رہتا ہے۔ پھیپھڑوں اور سانس کی نالیوں میں بلغم کی وجہ سے سانس کی تکلیف ہے۔ بزرگان سلسلہ سے التماس ہے کہ میری کامل صحت کے لئے دعا کریں اور دعا کریں کہ میں بخیریت جلسہ سالانہ میں شامل ہو کر روحانیت سے مستفید ہو سکوں۔ اللہ آمد و رفت میں بخیریت رکھے۔ آمین ثم آمین!

(شیخ محمد بشیر آزاد انبالوی مریدکے)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ننھے مجاہدین کی ننھی مجاہدات

۵۔ وقفِ جدید دفتر اطفال کیلئے
۵۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی دعائے خاص

مندرجہ ذیل بچوں بچیوں کے نام چندہ وقفِ جدید میں یکمشت یا زائد کی ادائیگی کا وعدہ کرنے پر جب حضور ایدہ اللہ کی خدمت میں دعائے خاص کے لئے پیش ہوئے تو حضور نے ازراہ شفقت ان بچوں اور ان کے والدین کے لئے دعا کی اور اپنے دستِ مبارک سے تحریر فرمایا۔

"جزاکم اللہ وجزاھم اللہ احسن الجزاء"

ننھے مجاہدین		وعدہ	ادائیگی
۱۔ عزیزم منظر احمد صاحب ابن مکرم لطیف احمد صاحب	ربوہ	۵۰۰	۵۰۰
۲۔ بچگان مکرم ایم ایس جنجوعہ صاحب چھاؤنی جنوبی جنرل ہسپتال		۵۰۰	۵۰۰
۳۔ " " یحییٰ درد صاحب	لاہور	۵۰۰	۵۰۰
۴۔ " " حمید نصر اللہ صاحب	"	۵۰۰	۵۰۰
۵۔ " " عبدالمالک صاحب	"	۱۵۰	۱۵۰
۶۔ " " خواجہ محمد شریف صاحب دہلی دروازہ	"	۵۰۰	۵۰۰
۷۔ " " امیرالدین صاحب حلقہ راجگڑھ چوبرجی	"	۱۶۲	۱۶۲
۸۔ " " محمد علی صاحب " مصری شاہ	"	۲۴۰	۲۴۰
۹۔ " " فضل احمد صاحب " محمد نگر	"	۱۶۵	۱۶۵
۱۰۔ " " چوہدری عبدالوحید صاحب حلقہ نیلا گنبد	"	۱۶۰	۱۶۰
۱۱۔ عزیزم صداقت نثار صاحب ابن مکرم چوہدری سعادت احمد صاحب نیلا گنبد لاہور۔		۳۰۰	۳۰۰
۱۲۔ عزیزہ صدف نثار صاحبہ بنت " " " " " " " "		۲۵۰	۲۵۰
۱۳۔ " صباد نثار صاحبہ " " " " " " " "		۲۵۰	۲۵۰
۱۴۔ " مریم اختر صاحبہ " " حمید اختر صاحب اسلام آباد		۵۰۰	۵۰۰
۱۵۔ عزیزم مبین اختر صاحب ابن " " " " " "		۵۰۰	۵۰۰
۱۶۔ " امین اختر صاحب " " " " " "		۵۰۰	۵۰۰
۱۷۔ " معین اختر صاحب " " " " " "		۵۰۰	۵۰۰
۱۸۔ " مبشر اختر صاحب " " " " " "		۵۰۰	۵۰۰

(سیکرٹری وقفِ جدید اطفال الاحمدیہ مرکزیہ)

پریشانی سے محفوظ رہنے کی تدابیر

جلسہ سالانہ کے ایام میں بعض اوقات بچے ادھر اُدھر ہو جاتے ہیں یا کوئی قیمتی چیز گم ہو جاتی ہے تو احباب کو شدید پریشانی لاحق ہو جاتی ہے۔ اس پریشانی سے محفوظ رہنے کے لئے ضروری ہے:۔

- دورانِ سفر اور ریل گاڑی یا بس وغیرہ سے اترتے وقت اپنے سامان کی اطمینان کے ساتھ پڑتال کریں۔
- تانگہ سے اترتے وقت ساری چیزیں سنبھال لیں۔
- وضو کرتے وقت گھڑیوں، جوتوں، کوٹ اور کمبل و چادر وغیرہ کو محفوظ جگہ رکھیں یا کسی کے سپرد کریں۔
- بچوں کی جیب میں ایسے کارڈ ڈالے رکھیں۔ جن پر بچے کا نام ولدیت اور ربوہ میں رہائش کا پتہ درج ہو۔
- اگر کوئی چیز گم ہو جائے تو فوراً دفتر معلومات میں رپورٹ درج کرائیں۔
- اگر آپ کو کوئی گری پڑی چیز ملے یا پریشان حال بچہ دکھائی دے تو فوراً بحفاظت دفتر معلومات میں پہنچا دیں۔

یاد رہے کہ دفتر معلومات، فوری امداد و گمشدہ اشیاء آپ کی خدمت کے لئے انشاء اللہ ۲۶ دسمبر سے دن رات کھلا رہے گا۔ بچوں کے لئے جیبی کارڈ دفتر معلومات کے علاوہ اسٹیشن اور اڈہ لاریاں سے بھی آپ کو ہر وقت مل سکیں گے۔ (ناظم معلومات و گمشدہ اشیاء)

نقشہ فرودگاہ مہمانان کرام جلسہ سالانہ

نمبر شمار	نام قیامگاہ	نام جماعت
۱	دارالضیافت و مہمان خانہ کراچی	کراچی ڈویژن۔
۲	خیمہ جات نمبر ۱ بالمقابل دارالضیافت	پرائیویٹ قیامگاہ
۳	خیمہ جات نمبر ۲ بالمقابل دفاتر صدر انجمن	" "
۴	دفاتر صدر انجمن	کراچی
۵	فضل عمر ہسپتال سرجیکل وارڈ	پرائیویٹ قیامگاہ
۶	دفاتر انصار اللہ	پشاور ڈویژن۔ ڈیرہ اسماعیل خان ڈویژن
۷	دفاتر وقف جدید	پرائیویٹ قیامگاہ
۸	ایوانِ محمود	سیالکوٹ شہر و ضلع
۹	مہمان خانہ مردانہ احاطہ مسجد اقصیٰ	بلاک نمبر ۱ کمرہ ۱ تا ۴ فیصل آباد شہر و ضلع کمرہ ۵ تا ۷ گجرات شہر و ضلع
		بلاک نمبر ۲ کمرہ ۱ تا ۴ گوجرانوالہ شہر و ضلع کمرہ ۵ تا ۷ ملتان شہر و ضلع
		بلاک نمبر ۳ کمرہ ۱ ہزارہ کمرہ ۲ تا ۴ جھنگ شہر و ضلع کمرہ ۵ تا ۷ وہاڑی شہر و ضلع ساہیوال شہر و ضلع۔ اوکاڑہ شہر و ضلع
		بلاک نمبر ۴ کمرہ ۱ تا ۳ لاہور شہر و ضلع۔ کمرہ ۴ قصور شہر و ضلع کمرہ ۵ کیمبلپور شہر و ضلع کمرہ ۶ ضلع ہزارہ
		بلاک نمبر ۵ جہلم شہر و ضلع سرگودھا شہر و ضلع حیدرآباد ڈویژن۔ ریزرو
۱۰	جامعہ احمدیہ (نچلی منزل)	پرائیویٹ قیامگاہ
	" " (بالائی منزل)	
۱۱	خیمہ جات (احاطہ جامعہ احمدیہ)	" "
۱۲	ناصر ہوسٹل جامعہ احمدیہ	آزاد کشمیر مظفر گڑھ شہر و ضلع۔ میانوالی شہر و ضلع
۱۳	مدرسۃ الحفظ	بہاولپور ڈویژن۔ خیرپور ڈویژن پرائیویٹ قیامگاہ
۱۴	جدید پریس	شیخوپورہ شہر و ضلع راولپنڈی شہر و ضلع
۱۵	مہمان خانہ مردانہ دارالنصر	اسلام آباد ڈیرہ غازی خان ڈویژن پرائیویٹ قیام گاہ
۱۶۔	جدید بلاک دارالضیافت	کوئٹہ قلات ڈویژن
۱۷۔	کمرہ دفتر صد سالہ جوبلی	پرائیوٹ قیام گاہ
۱۸۔	خیمہ جات دارالرحمت	پرائیوٹ قیام گاہ
۱۹۔	خیمہ جات مدرسۃ الحفظ	

(ناظم مکانات جلسہ سالانہ ربوہ)

احمدی آرکیٹکٹس اور انجینئرز متوجہ ہوں

انٹرنیشنل احمدیہ آرکیٹکٹس و انجینئرز ایسوسی ایشن کی جنرل باڈی کی میٹنگ انشاء اللہ ۲۶ دسمبر ۱۹۸۳ء کو شام ۷ بجے خلافت لائبریری کے ہال میں ہوگی۔ جملہ ممبران اندرون و بیرون پاکستان شمولیت فرمائیں۔

(چیئرمین۔ انٹرنیشنل احمدیہ آرکیٹکٹس اینڈ انجینئرز ایسوسی ایشن)

ضروری اعلان

نصرت انڈسٹریل سکول میں ٹننگ کا کام شروع ہو گیا ہے۔ جو لوگ سویٹر بنوانا چاہتے ہیں۔ وہ سویٹر بنوانے کیلئے تشریف لے آئیں۔ شکریہ۔ ڈپلومہ حاصل کرنے والی بچیوں کے لئے بھی داخلہ شروع ہے۔ نیز ہر لڑکی کیلئے داخلہ بھی جاری ہے ہنر سیکھ کر سکول سے فائدہ اٹھائیں۔

(صابرہ رحمٰن)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

(بقیہ سالانہ جلسہ)

انشاء اللہ جلسہ کی کارروائی بغیر کسی رکاوٹ کے جاری رہے گی۔

پارکنگ

مولانا موصوف نے بتایا کہ امسال مردانہ جلسہ گاہ کے قریب پارکنگ کی جگہ بدل دی گئی ہے۔ کیونکہ پرانی جگہ پر لنگر خانہ تعمیر ہو گیا ہے امسال یہ جگہ محلہ دارالرحمت شرقی کا درمیانی میدان ہے جس کا داخلہ ریلوے روڈ سے کچا بازار کی سمت سے اور مسجد راجیکی سے مغرب کی طرف (بطرف چمن عباس) جانے والی سڑک سے ہوگا۔ تاہم کاریں پارک کرنے والے احباب کاریں پارک کر کے پیدل جلسہ گاہ کی سمت جا سکتے ہیں۔ یعنی جلسہ گاہ کی سمت سے کاروں کو پارکنگ کی طرف لانے کی اجازت نہیں ہوگی اس کے علاوہ پارکنگ کے لئے دوسری جگہ جلسہ گاہ سے مشرقی جانب ساہیوال روڈ سے متصل بنائی گئی ہے۔ اس طرح محلہ جات دارالبرکات، دارالعلوم، دارالنصر وغیرہ کے احباب اپنی کاریں اس طرف پارک کر سکیں گے۔

مولانا سلطان محمود صاحب انور نے جلسہ گاہ مردانہ کے بارے میں مزید بتایا کہ امسال داخلے کے گیٹوں کی تعداد زیادہ کر دی گئی ہے تاکہ آمد و رفت کے وقت احباب کو آسانی ہو۔

پریس گیلری

امسال پریس گیلری کو بہتر بنا دیا گیا ہے صحافیوں کے لئے زیادہ جگہ میسر ہوگی نیز انہیں لکھنے کے لئے زیادہ سہولتیں میسر ہونگی صحافیوں کی ریفرشمنٹ کا بھی انتظام ہوگا۔

زنانہ جلسہ گاہ

زنانہ جلسہ گاہ کے بارے میں مولانا نے بتایا کہ خواتین کے لئے جگہ کی کمی کو شدت سے محسوس کیا جا رہا تھا اس کے ازالہ کے لئے امسال اسٹیج کو کئی فٹ پیچھے ہٹایا گیا ہے اس کے علاوہ محلہ کوارٹرز صدر انجمن احمدیہ کے درمیانی وسیع میدان کو بھی زنانہ جلسہ گاہ کی انیکسی کے طور پر استعمال کیا جائے گا۔ یہاں پر بھی لاؤڈ سپیکر کا انتظام کر دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ میدان میں پرالی بچھا دی گئی ہے اس طرح جگہ کی کمی کا ازالہ ہو سکے گا۔ اس کے علاوہ امسال زنانہ جلسہ گاہ میں بھی مردانہ جلسہ گاہ کی طرز پر گیلریاں بنائی گئی ہیں۔ اس سے بھی زائد جگہ نکل آئے گی۔

زنانہ جلسہ گاہ کی سٹیج میں ترجمہ کا انتظام بھی حسب سابق ہوگا۔ نیز ممالک بیرون سے آنے والی خواتین کے لئے جگہ بڑھا دی گئی ہے۔

اس جلسہ کی خاص بات

مولانا موصوف نے بتایا کہ اس جلسہ سالانہ کی ایک خاص بات یہ ہے کہ پہلی بار زنانہ جلسہ گاہ سے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی تقریر مردانہ جلسہ گاہ میں بھی سنانے کا انتظام ہوگا۔ اس کے لئے جملہ انتظامات کر دیئے گئے ہیں۔

مولانا موصوف نے بتایا کہ افسر جلسہ گاہ کے ذمے مردانہ و زنانہ جلسہ گاہ کے جملہ انتظامات ہوتے ہیں یعنی پروگرام کو مرتب کرنا، اسے کامیابی سے چلانا۔ مقررین سے رابطہ۔ سٹیج اور سامعین خاص کے ٹکٹ جاری کرنا۔ ترجمانی کے انتظامات کرنا۔ نمازوں کے اوقات میں نمازوں کی تیاری کروانا۔

مولانا سلطان محمود صاحب انور نے بتایا کہ افسر جلسہ گاہ کے ماتحت مربیان، دفتر تجارت اصلاح وارشاد اور دیگر کارکنوں کو ملا کر قریباً ایک سو کارکن کام کرتے ہیں۔

افسر جلسہ گاہ کے دو نائب مکرم چوہدری عبدالواحد صاحب اور مکرم سید احمد علی شاہ صاحب ہیں۔

گمشدہ پریشان حال بچہ

جلسہ سالانہ کے ایام میں ہجوم کے باعث بعض اوقات بچے والدین سے بچھڑ جاتے ہیں اور جلسہ گاہ کے قریب یا سڑکوں کے کنارے پریشان حال دکھائی دیتے ہیں۔ بچوں کے والدین الگ پریشان ہو رہے ہوتے ہیں اس لئے اگر آپ کو کسی جگہ کوئی بچہ بظاہر گمشدہ نظر آئے یا پریشان حال دکھائی دے تو اسے اس کے حال پر چھوڑنے کی بجائے بحفاظت دفتر معلومات میں پہنچا دیں یا فوری طور پر دفتر معلومات میں رپورٹ کریں۔

دفتر معلومات انشاء اللہ ۲۲ دسمبر سے آپ کی خدمت کے لئے دن رات کھلا رہیگا۔

(ناظم معلومات و گمشدہ اشیاء)

دعائے مغفرت

میرے والد چوہدری محمد طفیل صاحب آف فیصل آباد مورخہ ۷ دسمبر ۸۳ء کو بعمر ۷۸½ سال اس جہان فانی سے رحلت فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم موصی تھے اس لئے آپ کا جنازہ بہشتی مقبرہ میں تدفین کے لئے ربوہ لایا گیا۔ اس سے قبل مکرم شیخ محمد احمد صاحب مظہر امیر جماعت احمدیہ فیصل آباد نے آپکی نماز جنازہ فیصل آباد میں پڑھائی۔ مرحوم کے چار بیٹے لندن میں مقیم ہیں (جو والد صاحب کی تدفین میں شامل ہو گئے تھے)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت مرحوم کی نماز جنازہ بعد نماز مغرب مسجد مبارک ربوہ میں پڑھائی اور ہم لواحقین سے تعزیت کی اور شرف مصافحہ بخشا۔ اس کے بعد مرحوم کو بہشتی مقبرہ میں دفن کیا گیا اور قبر تیار ہونے پر مولانا غلام باری صاحب سیف نے دعا کرائی۔

والد صاحب مرحوم بہت مخلص خادم سلسلہ، متقی پرہیزگار پابند صوم و صلوٰۃ دعا گو تہجد گذار تھے اور اپنی اولاد کو خلافت احمدیہ کے ساتھ ہمیشہ وابستہ رہنے کی تلقین کرتے رہتے تھے۔ بیماری کی حالت میں بھی باقاعدگی سے نماز پڑھتے رہے۔ والدہ محترمہ کے ساتھ حج کرنے کی بھی توفیق پائی۔

مرحوم نے اپنے پیچھے سوگوار بیوہ کے علاوہ پانچ بیٹے اور تین بیٹیاں چھوڑی ہیں۔ جو سب شادی شدہ اور صاحب اولاد ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست ہے کہ مرحوم کے لئے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور انکی اولاد اور لواحقین کو اپنے فضل سے نوازے اور صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

(ریاض احمد ابن چوہدری محمد طفیل صاحب مرحوم پیپلز کالونی فیصل آباد)

میرے والد محترم مولوی عبدالغنی صاحب آف ہزارہ مورخہ ۲ ستمبر ۱۹۸۳ء بروز جمعہ کراچی میں وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم ۱۹۰۲ء میں پیدا ہوئے تھے۔ ۱۹۱۷ء میں بیعت کی اور تادم آخر اخلاص اور فدائیت سے بیعت کے تقاضوں کو پورا کیا۔

جنازہ بذریعہ ویگن ربوہ لایا گیا۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت ۴ دسمبر بعد نماز ظہر مسجد مبارک میں جنازہ پڑھایا۔ تدفین کے بعد مکرم مولوی محمد اعظم صاحب اکسیر مربی گوجرانوالہ نے دعا کرائی۔

محترم والد صاحب نے ۱۹۲۵ء میں مولوی فاضل کا امتحان پاس کیا۔ آپ مولوی عبدالرحمٰن صاحب سواتی (ہزارہ) کے چھوٹے بھائی تھے۔ آپ چک جھمرہ، موڑی پور اور ٹوبہ ٹیک سنگھ میں عربی ٹیچر متعین رہے۔ اور لمبا عرصہ چک جھمرہ میں بطور سیکرٹری مال و صدر جماعت خدمت کی توفیق پائی، اور دیانت داری اور حسن خلق سے لوگوں کے دلوں میں ایک خاص مقام رکھتے تھے۔

مرحوم نے پسماندگان میں ایک بیوہ چار بیٹے اور پانچ بیٹیاں نیز پوتے پوتیاں نواسے نواسیاں یادگار چھوڑے ہیں۔ احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ محترم والد صاحب کے درجات بلند کرے۔ اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے آمین

(ریاض احمد شہباز (انجینئر) ۶۲۳/۱۸ سمن آباد کراچی ۳۸)

درخواست دعا برائے ننھے مجاہدین

مکرم و محترم جناب سیکرٹری صاحب مال گلگشت کالونی ملتان نے اطلاع بھجوائی ہے کہ مندرجہ ذیل پانچ بچوں نے مبلغ پانچ صد روپے زیر کوپن ۲۰۲۵/۱۰۰-۸۳/۵ داخل خزانہ کر کے اپنے آپ کو ننھے مجاہدین میں شامل کیا ہے۔ احباب جماعت کی خدمت میں ان کے لئے خصوصی دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ نہ صرف ان کو بلکہ ان کے والدین و دیگر متعلقین کو بھی دینی و دنیوی نعمتوں اور برکتوں سے ہمیشہ نوازتا رہے آمین۔ نام مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ عزیزہ امۃ النصیر صاحبہ بنت مکرم چوہدری ناصر احمد صاحب
۲۔ عزیزم معین الدین صاحب ابن مکرم چوہدری ناصر احمد صاحب
۳۔ " ذکی الدین صاحب " " " " "
۴۔ " عتیق الرحمٰن درد صاحب " " نعیم الرحمٰن صاحب درد۔
۵۔ " ماہم درد صاحبہ بنت " " " " "

(ناظم مال وقف جدید ربوہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

تقریب شادی

خدا تعالےٰ کے فضل و احسان کے ساتھ مکرم مجید اللہ صاحب کلیم ابن مکرم مولانا عطاء اللہ صاحب کلیم امیر و مبلغ انچارج امریکہ کی تقریب شادی ۱۰ ستمبر ۱۹۸۳ء کو مسجد فضل واشنگٹن میں ہوئی۔

مکرم مجید اللہ کلیم صاحب کا نکاح ہمراہ مکرمہ فاطمہ عباسی صاحبہ بنت مکرم انتخار احمد عباسی صاحب آف لاہور تین ہزار (۳۰۰۰) حق مہر پہ مکرم مولانا عطاء اللہ صاحب کلیم نے مورخہ ۹ ستمبر ۱۹۸۳ء مسجد فضل واشنگٹن میں پڑھایا اور بعد نکاح دعا کروائی۔

اگلے روز مورخہ ۱۰ ستمبر ساڑھے پانچ بجے شام بارات روانہ ہوئی۔ روانگی سے قبل محترم صاحبزادہ مرزا مظفر احمد صاحب نے دعا کروائی۔ شام ساڑھے چھ بجے مکرم سرفراز احمد صاحب عباسی کے گھر واقع ورجینیا میں تقریب رخصتانہ منعقد ہوئی جس میں تلاوت اور نظم کے بعد محترم صاحبزادہ مرزا مظفر احمد صاحب نے اجتماعی دعا کروائی۔

اگلے روز مورخہ ۱۱ ستمبر ۱۹۸۲ء کو ایک بجے دوپہر مسجد فضل واشنگٹن میں دعوت ولیمہ ہوئی جس میں مقامی جماعت کے کثیر تعداد میں احباب و خواتین کے علاوہ مبلغین سلسلہ نے شرکت فرمائی۔ دعوت ولیمہ کے اختتام پہ محترم صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب نے دعا کروائی۔

ان ہر دو تقاریب میں خاندان حضرت اقدس میں سے محترم صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب (ناظر اعلیٰ)، محترم صاحبزادہ مرزا مظفر احمد صاحب حضرت سیدہ ام المتین مریم صدیقہ صاحبہ، محترمہ صاحبزادی امۃ القیوم بیگم صاحبہ اور محترمہ صاحبزادی نامرہ بیگم صاحبہ نے بھی شرکت فرمائی۔

جملہ قارئین الفضل کی خدمت میں اس شادی کے بابرکت اور مبارک ہونے کے لئے دعا کی درخواست ہے (مرسلہ: مکرم منیر احمد چوہدری مبلغ سلسلہ واشنگٹن امریکہ)

جلسہ سالانہ کے ایام میں

روزنامہ الفضل کا دفتر عارضی طور پر جلسہ گاہ کے قریب منتقل ہو جائے گا احباب الفضل سے متعلقہ امور کے سلسلہ میں اُن دنوں وہاں تشریف لائیں اور اپنا خریداری نمبر بھی نوٹ کر کے ضرور ہمراہ لائیں یہ نمبر آپ کے پتہ کی چٹ پر درج ہوتا ہے بہتر ہے کہ آپ الفضل کا ایک پرچہ بھی ساتھ لیتے آئیں۔ تاکہ آپ کا قیمتی وقت ضائع نہ ہو۔ (مینیجر الفضل ربوہ)

ہمارے ہاں ہر قسم
کا سامان رعائتی قیمت پر دستیاب ہے
منیاری سٹیشنری ہوزری
جیولری وغیرہ کیلئے
سٹلور سینڈ جنرل اسٹور
فضل الٰہی مارکیٹ کالج روڈ ربوہ پر
تشریف لائیں

جلسہ سالانہ کے مبارک موقع پر
طالب علموں کے لئے کاپیوں پر
لگانے والے سٹیکر ہمارے
ہاں سے حاصل کریں:
مینیجر دواخانہ نظام جان
اقصیٰ چوک۔ ربوہ

ہومیو پیتھک و بایو کیمک ادویات
معیاری مدر ٹنکچرز و پوٹینسیاں
۶ - ۳۰ - ۲۰۰ - ۱۰۰۰ - ۱۰،۰۰۰ سے لاکھ طاقت تک۔ جرمنی سیلڈ ادویات، ملک شوگر گولیاں، ٹکیاں اور ہومیو پیتھک و بایو کیمک کتب پاکستان کے تھوک فروشوں کے متوازی نرخوں پر دستیاب ہیں۔
کیور ٹیو میڈیسن (ڈاکٹر راجہ ہومیو) کمپنی رجسٹرڈ ربوہ فون ۶۰۶/۶۰۷

لاہور کے احباب متوجہ ہوں!

جلسہ سیرۃ النبی دارالذکر لاہور کے اختتام پر کسی دوست نے خاکسار کو اپنا نام پتہ دیئے بغیر ایک سو پچیس روپے ادا کئے ہیں۔ ازراہ کرم وہ اپنا مکمل پتہ اور چٹ نمبر سے مطلع فرماویں تاکہ تعمیل کی جا سکے۔
(عبادالله گیانی۔ مینیجر الفضل)

ضروری اطلاع

الفضل کے جو خریدار جلسہ سالانہ پر تشریف لائیں وہ اپنا خریداری نمبر ضرور ساتھ لیتے آویں۔ جلسہ سالانہ کے مبارک ایام میں دفتر الفضل کا ٹینٹ جلسہ گاہ کے قریب ہی ہوگا۔
(مینیجر الفضل ربوہ)

چھوٹے بچوں کے لئے!
شناختی جیبی کارڈ
دفتر معلومات، دفتر استقبال
یا
دواخانہ حکیم نظام جان
سے حاصل کریں:

فاران فارمیسی کے مجربات

دوائے گرمی	قیمت	چھ روپے
دوائے معدہ	"	تین "
دوائے اٹھرا	"	دس "
فاراتی منجن	"	چار "
سفوف لیکوریا	"	دس "
دوائے خاص	"	چالیس "

تفصیلی لٹریچر مفت حاصل کریں
۱۔ میاں میڈیکل سٹور گول بازار ربوہ
۲۔ فاران دواخانہ دارالیمن شرقی ربوہ

سلیمان فرنیچر ہاؤس
مستری عبدالمجید (فرزند بابا سلیمان) چنیوٹ والے اپنی سابقہ روایات، اعلیٰ کارکردگی و پابندی وقت نئے ڈیزائن وکٹوریہ فرنیچر کے ساتھ حاضر خدمت ہیں:
ندیم، کلثوم مارکیٹ
گولبازار ربوہ

جلسہ سالانہ پر آنے والے احباب کو
خوش آمدید:
حضرت حکیم نظام جانؒ کا
مشہور دواخانہ (رجسٹرڈ) گوجرانوالہ
مستورات کے معائنہ کا معقول انتظام موجود ہے۔
حکیم عبدالحمید ابن حکیم نظام جانؒ
بالمقابل ایوان محمود ربوہ فون ۶۳۸

نرینہ اولاد سے محروم بے اولاد دکھی عورتوں کیلئے
پُر امید واحد علاج گاہ
حکیم انوار احمد جان ابن حکیم نظام جان
۱۹۱۱ء سے ایک ہی نام
الشافی
دواخانہ حکیم نظام جان
چوک گھنٹہ گھر، گوجرانوالہ
دکھی مخلوق کی خدمت میں مصروف
فون ربوہ ۵۵۸
فون: ۷۳۹۹۷
اقصیٰ چوک ربوہ پوسٹ بکس ۲۲۲

Digitized by Khilafat Library Rabwah

وصایا

ضروری نوٹ :-

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی وصیت کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو دفتر بہشتی مقبرہ کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(سیکرٹری مجلس کارپرداز - ربوہ)

مسل ۲۵۳۴۷

میں بشیر احمد شاہد ولد نصیر احمد صاحب قوم راجپوت بھٹی پیشہ ملازمت عمر ۳۲ سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ۲-۱/۱۵-G سیٹلائٹ ٹاؤن ضلع کراچی بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ ۳۰-۱۱-۸۲ میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے ۱/۱۰ حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے

۱- دس مرلہ زمین واقع عثمان کھڑ ضلع راولپنڈی مالیتی -/۲۵۰۰ روپے اس وقت مجھے مبلغ پندرہ صد روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی ۱/۱۰ حصہ داخل خزانہ صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر اگر کوئی ہوگی حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔

العبد - بشیر احمد شاہد 2-15/10 G سیٹلائٹ ٹاؤن کراچی -

گواہ شد اعجاز احمد صاحب صدر حلقہ سیٹلائٹ ٹاؤن وصیت ۲۰۵۱۰

گواہ شد - محمد ادریس شاہد نائب صدر و سیکرٹری وصایا حلقہ سیٹلائٹ ٹاؤن کراچی وصیت ۲۰۹۹۹

مسل ۲۵۳۴۸

میں گلاب الدین ولد مہر دین صاحب قوم ذرگر راجپوت پیشہ زرگری عمر ۸۵ سال بیعت ۱۹۲۲ء ساکن جودھالہ ضلع سیالکوٹ بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ ۲۱-۱۱-۸۲ میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے ۱/۱۰ حصہ کے مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے

۱- نقد -/۲۴۰۰۰ روپے ہیں اس رقم سے میں کاروبار کرتا ہوں اس وقت مجھے مبلغ دو صد روپے ماہوار بصورت زرگری مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی ۱/۱۰ حصہ داخل خزانہ صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر اگر کوئی ہوگی حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔

العبد - گلاب الدین ولد مہر دین ساکن جودھالہ ضلع سیالکوٹ

گواہ شد - عبدالسلام صاحب بمقام ڈگری گھمن ضلع سیالکوٹ

گواہ شد نمبر ۲ ماسٹر محمد انور ولد ماسٹر اللہ لوک صاحب ساکن تارڑ ضلع سیالکوٹ

مسل ۲۵۳۴۹

میں چوہدری بشیر احمد بٹر ولد چوہدری رحمت علی صاحب قوم جٹ بٹر پیشہ زراعت تجارت عمر ۶۴ سال بیعت ۱۹۳۵ء ساکن نارنگ ضلع شیخوپورہ بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ ۶-۷-۸۳ میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے ۱/۱۰ حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔

۱- زرعی زمین ۶۵-۱ ایکڑ مالیتی پانچ لاکھ بیس ہزار ۵،۲۰،۰۰۰ روپے واقع کرتو ضلع شیخوپورہ

۲- زرعی زمین واقع نارنگ منڈی ضلع شیخوپورہ گیارہ ایکڑ مالیتی دو لاکھ پچھتر ہزار ۲،۷۵،۰۰۰ روپے

۳- کارخانہ چاول حصہ چالیس فی صد کل قیمت اندازاً چھ لاکھ ۶،۰۰۰۰۰ روپے

۴- رائس پلانٹ کا ۱/۲ حصہ کل قیمت چار لاکھ پچاس ہزار روپے

۵- کوٹھی بہ رقبہ چار کنال مالیتی سات لاکھ روپے۔

۶- دکان واقع نارنگ غلہ منڈی مالیتی ۵،۰۰۰ روپے

۷- مکان واقع نارنگ منڈی حصہ مالکی ۱/۲ مالیتی چالیس ہزار روپے۔

۸- مکان واقع کرتو مالیتی بیس ہزار روپے۔ ۹- دو کاریں مالیتی ۷۵،۰۰۰ ہزار روپے ۱۰- ٹریکٹر مالیتی تیس ہزار ۳۰،۰۰۰ روپے نقد و دیگر اثاثہ ۵۰،۰۰۰ کل جائیداد تیس لاکھ پچیس ہزار ۳۰،۲۵،۰۰۰ روپے ہے اس وقت مجھے مبلغ پانچ ہزار روپے ماہوار بصورت تجارت مل رہے ہیں اور مبلغ ساٹھ ہزار روپے سالانہ آمد از جائیداد مندرجہ بالا ہے۔

میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی ۱/۱۰ حصہ داخل خزانہ صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر اگر کوئی ہوئی حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے

العبد - بشیر احمد بٹر ولد چوہدری رحمت علی صاحب نارنگ منڈی ضلع شیخوپورہ

گواہ شد - محمد اشرف ولد محمد شریف سیکرٹری مال نارنگ منڈی وصیت ۲۰۴۲۳

گواہ شد نمبر ۲ صوفی احمد دین صاحب ولد شہاب الدین صاحب سیکرٹری رشتہ ناطہ نارنگ منڈی ضلع شیخوپورہ وصیت ۲۰۴۸۰

مسل ۲۵۳۵۰

میں نجم النساء زوجہ محمد اسماعیل منیر صاحب قوم قریشی پیشہ خانہ داری عمر ۳۵ سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ ۴-۶-۸۳ میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے ۱/۱۰ حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے۔ جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ ۱- حق مہر بذمہ خاوند چھ ہزار -/۶۰۰۰ روپے ۲- طلائی ہار ایک تولہ آٹھ ماشہ مالیتی -/۳۳۵۰ روپے ۳- ایک جوڑی کانٹے طلائی وزنی ایک تولہ مالیتی -/۲۰۰۰ روپے ۴- دو عدد انگوٹھیاں طلائی وزنی چھ اور چار ماشے مالیتی ۶۸۰ روپے ۵- ایک عدد لاکٹ طلائی نو ماشے مالیتی -/۱۵۰۰ روپے میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی ۱/۱۰ حصہ داخل خزانہ صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میں اقرار کرتی ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر اگر کوئی ہوئی حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتی رہوں گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔

الاعتبار - نجم النساء زوجہ محمد اسماعیل کوارٹر تحریک جدید ۸۶ ربوہ منیر

گواہ شد نمبر ۱- محمد اسمٰعیل منیر خاوند

گواہ شد نمبر ۲- بشیر احمد موصی موصیہ وصیت ۲۳-۶۴ محاسب جماعت احمدیہ راولپنڈی

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اے ہمارے خدا! ہمیں مرکز سلسلہ ربوہ کی برکتوں سے بھرپور استفادہ کرنے کی توفیق وسعادت عطا کر۔ آمین

شاہ جی ٹینٹ سروس اینڈ ٹریڈرز

اقصیٰ چوک کالج روڈ ربوہ

پروپرائٹرز: ظہور احمد شاہ۔ امتیاز حسین شاہ

سوزوکی کرایہ پر دستیاب ہے

ایمرجنسی کی صورت میں خدمت کیلئے 24 گھنٹے حاضر

حضرت مہدی علیہ السلام کا ایک کام مالی باتنا بھی بیان کیا گیا ہے۔ اس کا پورا ثبوت آپکو ہماری نئی کتاب **دلائل قاطعہ** مجموعہ تین صد دلائل میں ملیگا جس میں مخالفین اسلام کے اعتراضات کا ہمیشہ کے لئے قلع قمع کر دیا گیا ہے۔ کتاب کیا ہے ایک انمول خزانہ ہے۔ جلسہ سالانہ کے ایام میں ہر کتب فروش سے حاصل کر لیجئے اور اس سے خود بھی۔ اپنی اولاد کو اور اپنے زیر تبلیغ احباب کو بھی فائدہ پہنچائیے۔

مرتبہ: عبدالرحمٰن نیر۔ مولوی فاضل

مصنف و مؤلف:- بشارات رحمانیہ وغیرہ۔ رحمانیہ منزل بلاک جی۔ ڈیرہ غازیخان

ایام جلسہ

عبادتوں اور دعاؤں کے دن

زہے نصیب

اکسیر صرع (مرگی)

ایک ماہ دوائی 60/- ● جلسہ سالانہ کے موقع پر بالمقابل ایوان محمود اقصیٰ روڈ ربوہ پر ملیں

قاضی دواخانہ چک چھہ رجسٹرڈ حافظ آباد گوجرانوالہ

دیابیطس (شوگر) کورس Diabetes Course 80/-

موٹاپا کورس Obesity Course 60/-

باڈی بلڈنگ کورس Body Building Course 30/-

ہائی بلڈ پریشر کورس Hypertention Course 100/-

لٹریچر فری۔ ڈاک خرچ -/8 روپے زائد

کیور ٹیو سنٹرز

لاہور: کیور ٹیو سٹورز اینڈ ڈسپلے سنٹر اچھرہ ٹینک سنٹر

لاہور: مبشر میڈیکوز چوک میو ہسپتال

لاہور: افضل میڈیکل سٹور چوک یتیم خانہ ملتان روڈ

لاہور: بزی بی کیمسٹ کمرشل بلڈنگ مال روڈ چوک انارکلی

لاہور: خان برادرز میڈیکل اینڈ جنرل سٹورز چوک مغلپورہ

فیصل آباد: کریم میڈیکل ہال گول امین پور بازار

ملتان: الطاف میڈیکل ہال صدر بازار

کیور ٹیو میڈیسن کمپنی (رجسٹرڈ) گولبازار ربوہ فون 606-607

حضرت خلیفۃ المسیح اول رضی اللہ عنہ

کے مجرب نسخہ جات

قادیان کا قدیمی مشہور نسخہ

سرمہ نور رجسٹرڈ

سرمہ نور والوں کا

نورانی کاجل

تیار کردہ

شفاخانہ رفیق حیات

گول بازار۔ ربوہ

جلسہ سالانہ کے موقع پر آنیوالے احباب کو

اھلاً وسھلاً ومرحباً

اللہ تعالیٰ آپ کے لئے یہ سفر نہایت بابرکت بنائے اور جلسہ سالانہ سے استفادہ کرنے کی پوری توفیق بخشے اور آپ کا حافظ و ناصر ہو۔

حکیم انوار احمد جان دواخانہ حکیم نظام جان

چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ ٹیلیفون ۷۳۹۹۷

اقصیٰ چوک ربوہ۔ فون نمبر ۵۵۸

اوقات کار

جلسہ سالانہ کے مبارک ایام مورخہ ۲۶۔ ۲۷۔ ۲۸ دسمبر کو ہمارے اوقات کار مندرجہ ذیل ہوں گے۔

صبح ۸۔۰۰ تا ۹۔۰۰

شام ۴۔۳۰ تا ۹۔۳۰

ان ایام کے علاوہ آپ کی خدمت کے لئے ہمارا دفتر روزانہ صبح ۸½ تا شام ۹½ بجے تک کھلا رہے گا انشاء اللہ

میسرز ندیم کنسر کٹرز اینڈ پراپرٹی ڈیلرز رحمت بازار ربوہ

فون ۵۲۱/۴۳۱

ھو الشافی

عورتوں اور بچوں کے امراض کیلئے

المبارکہ میٹرنٹی ہوم اینڈ کلینک

"المبارکہ" ڈگری کالج روڈ دارالعلوم غربی ربوہ

گھر پر یا میٹرنٹی ہوم میں

چوبیس گھنٹے سروس میسر ہے

شادی بیاہ اور دیگر تقریبات کیلئے

● ہر قسم کا دعوتی سامان ●

شامیانے۔ قناتیں۔ کرسیاں۔ کراکری

نیا سامان۔ مناسب کرایہ۔ بہتر خدمت

رعایتی کرایہ پر

سادات ٹینٹ سروس

سراج مارکیٹ اقصیٰ روڈ ربوہ

اعلانِ تعطیل

مورخہ ۲۵ دسمبر ۱۹۸۳ء بروز اتوار بانیٔ پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے یوم پیدائش کے موقع پر دفتر الفضل بند رہے گا۔ لہٰذا پرچہ شائع نہیں ہوگا۔ قارئین کرام اور ایجنٹ حضرات نوٹ فرمالیں۔ (منیجر)

لذیذ چرغہ ہاؤس

فخریہ پیشکش: سٹیم روسٹ چرغہ سادہ و روغنی نان

بیاہ شادیوں اور پارٹیوں کے لئے آرڈر پر بنوائیں۔ (فضل الٰہی مارکیٹ)

کالج روڈ۔ بالمقابل جامعہ احمدیہ۔ ربوہ

ریح توڑ گولیاں

قیمت 5/- یا 10/- روپے

نصرت دواخانہ ہاضمون رجسٹرڈ

گول بازار ربوہ

حبوب مفید اٹھرا 30/-، اکسیر اولاد نرینہ 35/-، زد جام عشق 6/-، تریاق بواسیر 15/-، اکسیر پائیوریا 6/-، تریاق معدہ 10/-، تریاق دمہ 20/-، روشن کاجل 5/-، سرمہ جواہر 3/-، پیام نور 14/-

ناصر دواخانہ

(رجسٹرڈ) گولبازار ربوہ فون ۶۳۴